DIRECTORS' REPORT

The directors of your company are pleased to present the 26th Annual Report along with the audited accounts of the Company for the year ended 30th June 2017:

BUSINESS OVERVIEW:

The Company was principally engaged in the manufacturing and sale of Auto Rickshaws and Tractor Wheel Rims during the current financial year.

ALL PRAISE BE TO ALLAH. The Company has registered highest ever production and sales volume of Auto Rickshaws during the current financial year. The improvement in law & order situation is significantly affecting in restoring the normal business activities in the country. Major impact is appearing in Karachi where transport requirement has increased which has resulted in rise in the market demand of auto rickshaws. Hopefully, this trend will continue in the forthcoming year and Company will achieve further increase in production and sale volume of Auto Rickshaws.

The tractor industry has made a wonderful performance during the period under review and has shown an impressive increase of 58.50% in overall production of tractors. This has resulted in increase in orders of wheel rims from the tractor assemblers and has positively affected on the profitability of the company. It is hoped that the tractor industry will continue to grow at the same pace in future.

FINANCIAL RESULTS:

	2017 (Rupees)	2016 (Rupees)
Profit before taxation	**204,113,745**	153,957,796
Provision for taxation	**61,291,804**	46,288,058
Profit after taxation	**142,821,941**	107,669,738
Other comprehensive (loss)/ income for the year	**(9,024,382)**	770,274
Un appropriated Profit brought forward	**482,732,527**	419,223,435
Profit available for appropriation	**616,530,086**	527,663,447
Appropriations:		
Interim Cash dividend @ 12.50% (2016:10%)	**22,465,460**	17,972,368
Final Cash dividend @ Nil (2016: 15%)	-	26,958,552
Reserve for issuance of Bonus share @ 20% (2016: Nil)	**35,944,740**	-
	58,410,200	44,930,920
Un appropriated profit carried forward	**558,119,886**	482,732,527

Sales Revenue:

The overall net sales revenue of the Company has increased by 25.90% from Rupees 2,873.87 million to Rupees 3,618.14 million during the period under review showing a tremendous performance of the company. **AL-HAMDOLILLAH.**

Segment wise: The net sales of Auto Rickshaws has increased from Rupees 2,531.19 million to Rupees 3,121.31 million reflecting a growth of 23.31%. The net sale of automotive parts has increased by 47.46 % from Rupees 334.74 million to Rupees 493.59 million. The net sales of home appliances has decreased from Rupees 7.94 million to Rupees 3.25 million compared with the corresponding period of last year.

The sale of auto rickshaw also includes an export sale of Rupees 56.40 million showing an increase of 289.50% as compared to the last financial year export of Rupees 14.48 million. During the year, Company exported Auto Rickshaws to Afghanistan, Japan and Sri Lanka.

By the Grace of Almighty Allah, the Company has registered a highest sale volume in the current financial year with major contribution of Auto Rickshaws. The improvement in law & order situation and increase in sales network of Auto Rickshaw has made this achievement possible. During the year, the company sold 21,109 units of Auto Rickshaws as compared to 17,405 units sold in last financial year.

The revival of tractor industry has further proved to be a blessing of Allah which has significantly resulted in increase in orders of wheel rims from tractor assemblers.

The sale of home appliances has decreased due to reduction in sales volume of air conditioners and micro wave oven under brand name "Whirlpool".

Gross Profit:

Company's gross profit has increased from Rupees 288.69 million to Rupees 379.48 million showing an increase of Rupees 90.79 million compared with the corresponding period of last year. The gross profit ratio has also inclined from 10.05% to 10.49%.

Operating Expenses:

The operating expenses are normal in line with the increase in sales volume of the company.

Profit Before Taxation:

Company's profit before taxation has increased from Rupees 153.96 million to Rupees 204.11 million showing an increase of Rupees 50.16 million compared with the corresponding period of last year.

Earnings Per Share:

The Earnings per share of the Company has increased from Rs. 5.99 to Rs. 7.95 as compared to corresponding period of last year showing a substantial increase in profits available for distribution to shareholders.

Production:

During the year, the company produced highest volume of Auto Rickshaws and achieved more than 100% of capacity utilization. The production of 21,193 units of Auto Rickshaws is reflecting a 17.67 % rise compared with 18,010 units produced during the corresponding period of last year. The excess production of Auto Rickshaws over normal capacity is due to working in over time schedule to meet the increased market demand.

Whereas the production of tractor wheel rim was 94,307 compared with 65,080 during the same corresponding period of last year showing an increase of 44.91%.

Risks and Uncertainties:

The Company is carrying a major market share of auto rickshaws sale in Karachi, therefore, significance of law and order position in the city is sensitive for the company. Any deterioration in law and order position, if any, in Karachi may adversely affect the sale of auto rickshaws. However, the Company is hopeful that the law enforcing agencies will continue their efforts to bring peace in the country and particularly in Karachi. Further, the Company is increasing and strengthening its sales network in other cities that would help to mitigate any adverse effect of the situation.

Due to closure of Pakistan Steel Mill, the production of tractor wheel rims is dependent on the availability of imported steel, therefore, any hurdle in its availability may adversely affect the production and supply of tractor wheel rims.

Material devaluation of Pak Rupee, if any, may deteriorate the profitability of the Company.

Any adverse and sudden change in the Governments' taxation and regulatory policy.

Other risks have been stated in note 39 to the audited financial statements.

Material Changes:

No material changes or commitments affecting the financial position of the company have taken place between the end of the financial year and the date of the Report except as disclosed in financial statements.

CASH DIVIDEND AND BONUS SHARES:

The Board of Directors, at their meeting held on September 25, 2017 has recommended issuance of 20% bonus shares i.e. 20 ordinary shares for every 100 ordinary shares subject to the approval of shareholders in the forthcoming 26th Annual General Meeting of the Company. This is in addition to Interim cash dividend of Rupee 1.25 per share i.e., 12.50% already paid.

FUTURE OUTLOOK:

4-Stroke Auto Rickshaw:

Being a major source of transportation of passengers at affordable cost, it is hoped that the market demand of Auto Rickshaws will remain intact in the coming period. The increase in population of big cities is continuously contributing in increasing the requirement of this product to fulfil the transport need of general public at large. Even the introduction of Uber and Careem taxi service in major cities could not adversely affect on the demand of auto rickshaws.

The Company will continue its policy of Research and Development to innovate new products as well as to improve the quality of existing products to remain ahead of the competition.

Looking ahead your Company expects a substantial revenue and profitability from this segment of business, **INSHA ALLAH**.

Automotive Parts:

Improvement in agriculture sector has positively affected on the purchasing power of the farmers due to which booking of tractors has increased substantially. It is hoped that this trend will continue in future and your Company will receive increased orders of wheel rims from the tractor assemblers in the time to come.

The Company expects substantial revenue and income from this segment of business.

Exports:

Sazgar Auto Rickshaw is making a place in the international markets due to its quality and competitive price. Your Company expects a continuity in the orders from Afghanistan, Japan and other countries in the coming financial year.

BUSINESS EXPANSION ANNOUNCED DURING THE YEAR:

Auto Rickshaw:

The construction work is in progress for setting up of the additional production facilities for auto rickshaws. A sum of Rupees 285.01 million has been utilized out of an estimated cost of Rupees 330.00 million up to June 30, 2017.

Passenger and Light Commercial Vehicles:

The Company has signed a MOU with a foreign automobile manufacturer to explore the new business opportunities for the manufacturing, assembly, sale and service of passenger and light commercial vehicles.

The Company is continuously working on this project to finalise the business plan and to make advancement in this regard.

CORPORATE SOCIAL RESPONSIBILITY:

Corporate Social Responsibility is the continuing commitment by business to behave ethically and contribute to economic development while improving the quality of life of the workforce and their families as well as of the local community and society at large. During the year, the company carried out the following activities under CSR:

Health:

Company made contribution of Rs. 200,000/- to various hospitals which provide free of cost medical facilities to the poor or deserving people of the society.

Education:

Company donated a sum of Rs. 200,000/- to the institutions which are not only looking after the poor children but are also providing them education free of cost.

Financial Assistance:

Company spent Rs. 364,350/- on the welfare of deceased's workers families to meet their household and children's education expenses.

Hajj Sponsorship:

Every year Company sends two employees on Hajj which provides them great spiritual satisfaction. However, this year the company's employees could not succeed under Government Hajj-draw and now the Company will arrange to send them next year.

Employment of Disabled persons:

Company creates employment opportunities for disabled persons to make them respectable and self sufficient in the society. Presently company has employed 25 disabled persons.

Clean Drinking Water:

Clean water is important for the health of workers. Company provides its workers clean filtered drinking water to keep them healthy and safe from different diseases.

Sponsorship of road safety stakeholder Conference:

During the year, the Company sponsored the road safety stakeholder Conference on the topic of "Sustainable Public Transport – Time to Act" organised by Institute of Road Safety Traffic Environment Pakistan held in Lahore. Company spent a sum of Rupees 600,000 in this regard.

Environment Protection:

Wastages and scraps are properly managed and disposed off. Company's production scrap is also used as input material for making new components and in this way does not pollute the environment.

Contribution To National Exchequer:

Being a responsible citizen, your company has made a contribution of Rs. 806.59 Million to National Exchequer during the year in form of income tax, sales tax, custom duties and excise as compared to 660.70 million of last financial year. The rise is due to increase in production and sales volumes.

RETIREMENT AND ELECTION OF DIRECTORS OF THE COMPANY:

The following directors of the Company retired during the year as on 20.03.2017:
Mr. Mian Asad Hameed
Mr. Mian Zafar Hameed

Mrs. Saira Asad Hameed
Mr. Mian Muhammad Ali Hameed
Mr. Saeed Iqbal Khan
Mr. Ahsan Ejaz
Mrs. Amina Humza Wazir

The company held an Extra Ordinary General Meeting for election of nine (9) directors, as fixed by Board, as on 18.03.2017 for tenure of three years effective from 20.03.2017. The names of newly elected directors are as follows:

Mr. Mian Asad Hameed
Mr. Mian Zafar Hameed
Mrs. Saira Asad Hameed
Mr. Mian Muhammad Ali Hameed
Mr. Saeed Iqbal Khan
Mr. Ahsan Ejaz
Mrs. Sana Suleyman
Mr. Anwar Ali
Mr. Humza Amjad Wazir

RETIREMENT AND RE-APPOINTMENT OF CHIEF EXECUTIVE:

During the year, the Chief Executive Mr. Mian Asad Hameed retired on completion of his tenure of three years as on 20.03.2017 and was re-appointed for a term of next three years as on 27.03.2017 .

During the term of his appointment, he will be entitled for a monthly remuneration of Rs 0.900 million along with other benefits and perquisites.

An abstract of his terms of appointment along with nature of interest of directors in this appointment was circulated to all the shareholders within due time and is also being annexed with this report.

APPOINTMENT OF EXECUTIVE DIRECTORS:

After obtaining the approval of shareholders in terms of section of 188(1)(c) of the Companies, Ordinance, 1984, the Board appointed the directors, Mr. Saeed Iqbal Khan and Mr. Mian Muhammad Ali Hameed as Executive Directors of the Company as on 27.03.2017 for a term of three years ending on 20.03.2020.

During the terms of their appointment, they will be entitled for monthly remuneration of Rs 0.600 million and 0.250 million respectively.

Abstracts of terms of their appointment along with nature of interest of directors in these appointments were circulated to all the shareholders within due time and are also being annexed to this report.

ESTABLISHMENT OF BOARD COMMITTEES:

Consequent to the election of new directors, the Board established the following Committees as on 27.03.2017 in compliance with Code of Corporate Governance, 2012 for a period of three years:

Board Audit Committee:

This Committee is consisted of the following:

Mr. Ahsan Ejaz	Independent director	Chairman
Mr. Anwar Ali	Independent director	Member
Mrs. Sana Suleyman	Non-executive director	Member
Mr. Arshad Mahmood		Secretary

Human Resource & Remuneration Committee:

This Committee is consisted of the following:

Mr. Mian Zafar Hameed	Non-Executive director	Chairman
Mr. Saeed Iqbal Khan	Executive director	Member
Mr. Humza Amjad Wazir	Non-Executive director	Member
Mr. Arshad Mahmood		Secretary

COMPLIANCE WITH CODE OF CORPORATE GOVERNANCE:

The directors of your company are pleased to state that your Company is in compliance with the provisions of Code of Corporate Governance as are applicable for the current year. The various statements, as required by the Code, are given below:

- **Presentation of Financial Statements** The financial statements, prepared by the management of the company, present its state of affairs fairly, the results of its operations, cash flows and changes in equity;

- ***Books of Account*** Proper books of account of the company have been maintained;

- ***Accounting Policies*** Appropriate accounting policies have been consistently applied in preparation of financial statements and accounting estimates are based on reasonable and prudent judgement;

- ***Compliance with International Financial Reporting Standards (IFRS)*** International Financial Reporting Standards, as applicable in Pakistan, have been followed in preparation of financial statements and departure there from (if any) has been adequately disclosed and explained;

- ***Internal Control System*** The system of internal control is sound in design and has been effectively implemented and is being monitored continuously.

The review will continue in future for the improvement in controls;

- ***Going Concern*** There are no significant doubts upon the Company's ability to continue as a going concern;

- ***Best Practices of Corporate Governance*** There has been no material departure from the best practices of corporate governance, as detailed in the listing regulations wherever applicable to the Company for the year ended June 30, 2017.

- ***Financial Data of Last Years*** Key operating and financial data of last six years is annexed as per annexure "A"

Dividend The Board of Directors, at their meeting held on September 25, 2017 has recommended issuance of 20% bonus shares i.e. 20 ordinary shares for every 100 ordinary shares subject to the approval of shareholders in the forthcoming 26th Annual General Meeting of the Company. This is in addition to Interim cash dividend of Rupee 1.25 per share i.e., 12.50% already paid.

Outstanding Statutory Dues The outstanding statutory dues are given in notes to the financial statements.

Significant Plans and Decisions:
To explore new business opportunities in automobile sector.

Code of Business Conduct: The Company has prepared a "Code of Business Conduct" and has ensured that appropriate steps have been taken to disseminate it throughout the company along with its supporting policies and procedures. It has also been placed on the company's web site.

Attendance in Board and Committees' Meetings: The number of board and committees' meetings held during the year and attendance by each director is given below:

	Board	Audit Committee	HR&R Committee
Total Meetings Held	**9**	**4**	**2**
Meetings Attended by the Directors:			
Mr. Mian Asad Hameed	9	N/A	N/A
Mr. Mian Zafar Hameed	9	3	-
Mr. Saeed Iqbal Khan	9	N/A	2
Mr. Mian Muhammad Ali Hameed	9	3	N/A
Mrs. Saira Asad Hameed	8	N/A	N/A
Mr. Ahsan Ejaz	8	3	2
Mrs. Amina Humza Wazir (Retired during the year)	6	N/A	2
Mrs. Sana Suleyman (Newly elected during the year)	2	1	N/A
Mr. Anwar Ali (Newly elected during the year)	3	1	N/A
Mr. Humza Amjad Wazir (Newly elected during the year)	2	N/A	-

- *Leave of absence was granted to the Directors who could not attend the Board Meeting.*

Directors' Training Programs during the year: Out of nine, four directors namely Mrs. Saira Asad Hameed, Mr. Mian Muhammad Ali Hameed, Mr. Ahsan Ejaz and Mrs. Sana Suleyman have acquired the Directors' Training Programme (DTP) from SECP approved Institutions whereas three directors namely Mr. Mian Asad Hameed, Mr. Mian Zafar Hameed and Mr. Saeed Iqbal Khan fall under the exemption criteria under clause 5.19.7 of PSX Regulations. The remaining two newly elected directors namely Mr. Humza Amjad Wazir and Mr. Anwar Ali will acquire the DTP in the next financial year.

Pattern of Shareholding: The pattern of shareholding is annexed as per annexure "B" and "B/1".

Trading in Company's Shares by Directors, executives and their spouses and minor children during the year:

Purchase, sale of Shares and change in beneficial ownership:

	Purchase	Sale
Mr. Mian Zafar Hameed	-	35,500

There was no other reported transaction of sale or purchase of shares of the company by Executives, Company Secretary, Chief Financial Officer and their spouses or minor children during the period under review.

AUDITORS:

The present auditors retire and being eligible offers themselves for reappointment. The Audit Committee and the Board of Directors have also recommended for their reappointment.

EMPLOYEES RELATIONS:

The management and employees relationship is very cordial and it is hoped that both will work with the same spirit to achieve the desired goals of the Company.

ACKNOWLEDGEMENT:

We would like to place on record our appreciation for the untiring efforts, teamwork and dedication shown by the Company's employees during the year under review.

We would also like to express our gratitude to our valued shareholders, customers, suppliers and financial institutions for their continued support to the Company.

Lahore:
September 25, 2017

For and on behalf of the Board

MIAN ASAD HAMEED
CHIEF EXECUTIVE

SAEED IQBAL KHAN
DIRECTOR

ڈائریکٹران کی رپورٹ

کمپنی کے ڈائریکٹران 30 جون 2017ء کو مکمل ہونے والے سال کیلئے آڈٹ شدہ مالی گوشواروں کے ہمراہ کمپنی کی چھبیسویں (26) سالانہ رپورٹ بخوشی پیش کرتے ہیں۔

کاروبار کا مجموعی جائزہ:

اس مالی سال کے دوران کمپنی خصوصی طور پر آٹو رکشہ اور ٹریکٹر ویل رمز کی پیداوار اور فروخت میں مصروف عمل رہی تھی۔

اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ اس سال کمپنی نے آٹو رکشہ کی سب سے زیادہ پیداوار اور فروخت حاصل کی ہے۔ امن امان کی حالت میں بہتری ملک میں کاروباری سرگرمیوں کو واپس نارمل حالت میں لانے کے لئے نمایاں طور پر اثر انداز ہورہی ہے۔ زیادہ اثر کراچی میں ہوا ہے جہاں ٹرانسپورٹ کی ضرورت بڑھ گئی ہے جس کی وجہ سے آٹو رکشہ کی مارکیٹ طلب میں اضافہ ہوا ہے۔ امید ہے کہ یہ رجحان آئندہ آنے والے سال میں بھی جاری رہے گا اور کمپنی آٹو رکشہ کی پیداوار اور فروخت میں مزید اضافہ حاصل کرے گی۔

ٹریکٹر انڈسٹری نے اس سال کے دوران شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے اور ٹریکٹر کی پیداوار میں متاثر کن 58.50 فی صد اضافہ نظر آیا ہے جس سے کمپنی کو ٹریکٹر بنانے والے اداروں سے ویل رمز کے زیادہ آرڈر ملے اور کمپنی کے منافع پر مثبت اثر پڑا۔ یہ توقع کی جاتی ہے کہ مستقبل میں ٹریکٹر انڈسٹری میں ترقی کا رجحان اسی رفتار سے جاری رہے گا۔

مالیاتی نتائج:

	2017 (روپے)	2016 (روپے)
منافع قبل از ٹیکس	204,113,745	153,957,796
ٹیکس کا تخمینہ	61,291,804	46,288,058
منافع بعد از ٹیکس	142,821,941	107,669,738
کمپنی کے دوسرے سالانہ محاصل / (نقصان)	(9,024,382)	770,274
گزشتہ غیر مختص شدہ منافع (Brought Forward)	482,732,527	419,223,435
منافع جو مختص کرنے کے لئے دستیاب ہے	616,530,086	527,663,447
تخصیصات:		
12.50 فی صد عبوری نقد منقسمہ منافع (2016:10%)	22,465,460	17,972, 368
Nil حتمی نقد منقسمہ منافع (2016:15%)	-	26,958,552
20 فیصد بونس حصص کے اجراء کے لئے ذخیرہ (2016:Nil)	35,944,740	-
	58,410,200	44,930,920
برآوردہ غیر مختص شدہ منافع (Carried Forward)	558,119,886	482,732,527

سیلز آمدنی:

اللہ تعالیٰ کا شکر ہے اس سال کمپنی کی مجموعی سالانہ سیلز میں 25.90 فی صد اضافہ کے ساتھ پچھلے مالیاتی سال کے مقابلہ میں سیلز آمدنی 2,873.87 ملین روپے سے بڑھ کر اس سال 3,618.14 ملین روپے ہوگئی ہے جو کہ کمپنی کی زبردست کارکردگی کو ظاہر کرتی ہے۔

حصہ وار سیلز آمدنی:

اس سال آٹو رکشہ کی مجموعی سیلز پچھلے سال کے مقابلہ میں 2,531.19 ملین روپے سے بڑھ کر 3,121.31 ملین روپے ہوگئی ہے جو کہ 23.31 فی صد ترقی کو ظاہر کرتی ہے۔ آٹو موٹیو پارٹس کی مجموعی سیلز پچھلے سال کے مقابلہ میں 334.74 ملین روپے سے بڑھ کر 493.59 ملین روپے ہوگئی ہے جو کہ 47.46 فی صد اضافہ کو ظاہر کرتی ہے۔ ہوم اپلائنسز کی سیلز میں اس سال کمی کا رجحان رہا جو کہ پچھلے مالی سال 7.94 ملین روپے سے کم ہو کر 3.25 ملین روپے ہوگئی ہے۔

آٹو رکشہ کی فروخت میں 56.40 ملین روپے کی برآمدات شامل ہیں جو کہ پچھلے مالی سال کی برآمدات 14.48 ملین روپے میں 289.50 فیصد اضافہ کو ظاہر کر رہی ہیں۔ اس سال کے دوران کمپنی نے افغانستان، جاپان اور سری لنکا کو آٹو رکشہ برآمد کئے۔

اللہ تعالی کے فضل وکرم سے کمپنی نے آٹو رکشہ کی فروخت میں اضافہ کی بدولت اس سال مجموعی فروخت کی بلند ترین سطح کو حاصل کیا۔ امن وامان کی بہتر صورت حال اور سیلز نیٹ ورک کی توسیع نے اس سنگ میل کو عبور کرنا ممکن بنایا۔ کمپنی نے پچھلے مالی سال 17,405 آٹو رکشہ کے مقابلہ میں اس سال 21,109 آٹو رکشہ فروخت کئے۔

ٹریکٹر انڈسٹری کی بحالی اللہ تعالی کی مزید نعمت ثابت ہوئی جس کی وجہ سے ٹریکٹر بنانے والے اداروں سے ویل رمز کے زیادہ آرڈرز ملے۔

ورل پول (Whirlpool) برانڈ کے مائیکرو ویو اون اور ائیر کنڈیشنر کی فروخت میں کمی کی وجہ سے مجموعی طور پر ہوم اپلائنسز کی فروخت میں کمی ہو گئی ہے۔

مجموعی منافع:

کمپنی کا مجموعی منافع 90.79 ملین روپے کے اضافہ کے ساتھ پچھلے سال کے مقابلہ میں 288.69 ملین روپے سے بڑھ کر 379.48 ملین روپے ہو گیا ہے۔ مجموعی منافع کا تناسب بھی 10.05 فیصد سے بڑھ کر 10.49 فیصد ہو گیا ہے۔

آپریٹنگ اخراجات:

کمپنی کے آپریٹنگ اخراجات کمپنی کی فروخت میں اضافہ کے مطابق معیاری ہیں۔

قبل از ٹیکس منافع:

کمپنی کا قبل از ٹیکس منافع 50.16 ملین روپے کے اضافہ کے ساتھ پچھلے سال کے مقابلہ میں 153.96 ملین روپے سے بڑھ کر 204.11 ملین روپے ہو گیا ہے۔

آمدنی فی حصص:

اس سال 7.95 روپے فی حصص آمدنی پچھلے سال کی 5.99 روپے فی حصص آمدنی سے بڑھ گئی ہے جو کہ حصص داران کے لئے دستیاب منافع میں نمایاں اضافہ کو ظاہر کرتی ہے۔

پیداوار:

اس سال کمپنی نے 100 فی صد سے زیادہ پیداواری صلاحیت کو بروئے کار لاتے ہوئے آٹو رکشہ کی بلند ترین پیداوار کی سطح کو حاصل کیا۔ آٹو رکشہ کی پیداوار کی تعداد 17.67 فی صد اضافے کے ساتھ پچھلے سال کے مقابلہ میں 18,010 سے بڑھ کر اس سال 21,193 رہی۔ پیداواری صلاحیت سے زیادہ اصل پیداوار، آٹو رکشہ کی مارکیٹ طلب کو پورا کرنے کے لئے اضافی وقت میں کام کرنے کی وجہ سے ہے۔

جبکہ ٹریکٹر ویل رم کی پیداوار اس سال 44.91 فی صد اضافہ کے ساتھ پچھلے سال 65,080 کے مقابلہ میں 94,307 رہی۔

خطرات اور غیر یقینی صورت حال:

کراچی میں آٹو رکشہ کی فروخت کا نمایاں مارکیٹ شیئر کمپنی کے پاس ہے اس لئے شہر میں امن وامان کی صورت حال کی اہمیت کمپنی کے لئے بہت حساس ہے۔ امن وامان کی صورت حال میں کسی بھی قسم کی ابتری اگر کراچی میں ہوتی ہے تو یہ آٹو رکشہ کی فروخت پر برا اثر کر سکتی ہے تاہم کمپنی کو امید ہے کہ قانون نافذ کرنے والے ادارے بالعموم پورے ملک میں اور خاص طور پر کراچی میں امن لانے کی اپنی کوششیں جاری رکھیں گے۔ مزید یہ کہ کمپنی اپنی فروخت کا نیٹ ورک دوسرے شہروں میں بڑھا اور مضبوط کر رہی ہے جو کہ حالات پر کسی بھی قسم کے برے اثرات کو کم کرنے میں مددگار ہوگا۔

پاکستان سٹیل مل بند ہونے کی وجہ سے ٹریکٹر ویل رمز کی پیداوار کا انحصار درآمدی لوہے کی دستیابی پر ہے اس لئے اسکی دستیابی میں کسی بھی قسم کی رکاوٹ ٹریکٹر ویل رمز کی پیداوار اور فروخت پر برا اثر کر سکتی ہے۔

پاکستان روپے کی قیمت میں اگر کوئی نمایاں کمی ہوتی ہے تو یہ کمپنی کے منافع کو کم کر سکتی ہے۔

گورنمنٹ کی ٹیکس اور ریگولیٹری پالیسی میں کوئی بھی نقصان دہ اور اچانک تبدیلی۔

دوسرے خطرات تنقیح شدہ مالیاتی گوشواروں کے نوٹ 39 میں بیان کردیئے گئے ہیں۔

نمایاں تبدیلیاں:

سوائے ان تبدیلیوں کے جو کہ مالی گوشواروں میں ظاہر کردی گئی ہیں کوئی نمایاں تبدیلی یا معاہدہ جو کہ کمپنی کی مالی پوزیشن پر اثر انداز ہو سکے، مالی گوشواروں اور رپورٹ کی تاریخ کے دوران نہیں ہوا ہے۔

نقد منقسمہ منافع اور بونس حصص:

بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 25 ستمبر 2017 کو اپنے منعقدہ اجلاس میں بیس (20) فیصد بونس حصص کا اجراء تجویز کیا ہے یعنی ہر سو (100) عمومی حصص پر بیس (20) عمومی حصص جو کہ کمپنی کے آئندہ چھبیسویں سالانہ اجلاس عام میں توثیق پر منحصر ہے یہ پہلے سے اداشدہ عبوری نقد منقسمہ منافع 12.50 فیصد یعنی 1.25 روپے فی حصص کے علاوہ ہے۔

مستقبل پر نقطہ نظر:

4- اسٹروک آٹو رکشہ:۔

مسافروں کو ایک جگہ سے دوسری جگہ مناسب خرچہ پر لے جانے کا نمایاں ذریعہ ہونے کی وجہ سے یہ امید کی جاتی ہے کہ آئندہ آنے والے عرصہ میں آٹو رکشہ کی مارکیٹ طلب بدستور موجود رہے گی۔ بڑے شہروں کی بڑھتی ہوئی آبادی بڑے پیمانے پر عام لوگوں کی ٹرانسپورٹ ضروریات کو پورا کرنے کے لئے آٹو رکشہ کی مزید طلب میں مسلسل مددگار ہو رہی ہے۔ حتیٰ کہ بڑے شہروں میں اوبر اور کریم ٹیکسی کی خدمات کا تعارف بھی آٹو رکشہ کی طلب پر برا اثر نہیں ڈال سکا۔

کمپنی مقابلہ میں آگے رہنے کے لئے نئی پراڈکٹس کو ایجاد کرنے اور اپنی موجودہ پراڈکٹس کی کوالٹی کو بہتر کرنے کے لئے اپنی تحقیق اور ترقی کے طریقہ کار کو جاری رکھے گی۔

مستقبل پر نظر رکھتے ہوئے آپ کی کمپنی کاروبار کے اس حصہ سے نمایاں فروخت اور منافع کی توقع اللہ کے فضل وکرم سے رکھتی ہے۔

آٹو موٹیو پارٹس:

زرعی شعبہ کی بہتری نے کسانوں کی قوت خرید پر مثبت اثر کیا ہے جسکی وجہ سے ٹریکٹروں کی بکنگ میں نمایاں اضافہ ہو گیا ہے۔ یہ امید کی جاتی ہے کہ یہ رجحان آئندہ بھی جاری رہیگا اور آپ کی کمپنی آنے والے وقت میں ٹریکٹر بنانے والے اداروں سے ویل رمز کے زیادہ آڈر حاصل کرے گی۔

کمپنی کاروبار کے اس حصہ سے نمایاں فروخت اور نفع کی توقع رکھتی ہے۔

برآمدات:

سازگار آٹو رکشہ بین الاقوامی منڈیوں میں اپنی بہتر کوالٹی اور قیمت کی وجہ سے جگہ بنا رہا ہے۔ آپکی کمپنی آئندہ آنے والے مالی سال میں افغانستان، جاپان اور دوسرے ممالک سے آڈرز جاری رہنے کی توقع رکھتی ہے۔

سال کے دوران کاروبار میں توسیع کے اعلانات:

آٹو رکشہ:

آٹو رکشہ کے لئے مزید پیداواری سہولیات کو قائم کرنے کے لئے تعمیراتی کام جاری ہے۔ 30 جون 2017 تک 330 ملین روپے کی اندازاً لاگت میں سے مبلغ 285.01 ملین روپے استعمال کئے گئے ہیں۔

مسافراور ہلکی مال بردار گاڑیاں:

کمپنی نے مسافراور ہلکی مال بردار گاڑیوں کو بنانے ، جوڑنے ،فروخت اور سروس کے نئے کاروباری مواقع ڈھونڈ نے کے لئے ایک غیر ملکی گاڑیاں بنانے والے ادارے کے ساتھ ایک مفاہمتی یاداشت پر دستخط کیئے ہیں۔

کمپنی اس پراجیکٹ کے کاروباری منصوبہ اوراس میں بڑھوتی کے عمل کو حتمی شکل دینے کے لئے مسلسل کام کررہی ہے۔

ادارے کی سماجی ذمہ داری:

کمپنی کی یہ سماجی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے ملازمین، ان کے اہل خانہ، اپنے اردگرد کے لوگوں اوراپنے معاشرے کے لوگوں کے رہنے کے معیار کو بلند کرنے کیلئے اقدامات جاری رکھے۔ اس سال کمپنی نے سماجی ذمہ داری کے تحت مندرجہ ذیل خدمات سرانجام دیں:

صحت:

کمپنی نے -/200,000 روپے مختلف ہسپتالوں کو دیئے جو کہ معاشرے کے غریب یا مستحق لوگوں کو مفت طبی سہولیات فراہم کرتے ہیں۔

تعلیم:

کمپنی نے ان اداروں کو -/200,000 روپے دیئے جو کہ نہ صرف غریب بچوں کی دیکھ بھال کرتے ہیں بلکہ ان کو بلامعاوضہ تعلیم بھی فراہم کرتے ہیں۔

مالی معاونت:

کمپنی نے -/364,350 روپے اپنے مرحوم ملازمین کے اہل خانہ کی فلاح و بہبود اوران کے بچوں کی تعلیم کے لیے خرچ کئے۔

حج سپانسرزشپ:

ہر سال کمپنی 2 ملازمین حج پر بھیجتی ہے جس سے ان کو روحانی تسکین حاصل ہوتی ہے۔ تاہم اس سال کمپنی کے ملازمین گورنمنٹ کی حج کی قرعہ اندازی میں کامیاب نہیں ہوسکے اوراب کمپنی ان کو اگلے سال بھیجنے کا انتظام کرے گی۔

معذورافراد کے لیے روزگار:

کمپنی معذورافراد کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرتی ہے تا کہ وہ معاشرے کے باعزت اور خودمختار افراد بن سکیں۔ اس وقت کمپنی میں 25 معذورافراد کام کرتے ہیں۔

پینے کا صاف پانی:

پینے کا صاف پانی ملازمین کی صحت کے لیے اہم ہے۔ کمپنی اپنے ملازمین کو صاف اور فلٹر شدہ پینے کا پانی مہیا کرتی ہے تا کہ وہ صحت منداور مختلف بیماریوں سے محفوظ رہیں۔

تعاون برائے روڈ سیفٹی سٹیک ہولڈر کانفرنس:

دوران سال کمپنی نے ''پائیدار پبلک ٹرانسپورٹ۔ عمل کا وقت'' کے موضوع پر انسٹی ٹیوٹ آف روڈ سیفٹی ٹریفک انوائرمنٹ پاکستان کے تحت لاہور میں کانفرنس منعقد کرانے میں تعاون کیا۔ کمپنی نے اس سلسلہ میں چھ لاکھ روپے رقم خرچ کی۔

ماحولیاتی حفاظت:

ضیاعیات اور کترن کو مناسب طریقے سے سنبھالا اور تصرف میں لایا جاتا ہے۔ کمپنی کی پیداوار کا کترن، مواد کی صورت میں نئے اجزاء بنانے میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ جس کی وجہ سے ماحول آلودہ نہیں ہوتا۔

قومی خزانے میں شراکت:

ایک ذمہ دار شہری کی حیثیت سے آپ کی کمپنی نے انکم ٹیکس، سیلز ٹیکس، کسٹم ڈیوٹی اور ایکسائز کی مد میں پچھلے سال 660.70 ملین روپے کے مقابلہ میں 806.59 ملین روپے اس سال جمع کرائے ہیں یہ

بڑھوتی پیداوار اور فروخت میں اضافہ کی وجہ سے ہے۔

کمپنی کے ڈائریکٹران کی سبکدوشی اور تقرری:

دوران سال کمپنی کے مندرجہ ذیل ڈائریکٹران 20 مارچ 2017 کو سبکدوش ہوئے:

جناب میاں اسد حمید

جناب میاں ظفر حمید

محترمہ سائرہ اسد حمید

جناب میاں محمد علی حمید

جناب سعید اقبال خان

جناب احسن اعجاز

محترمہ آمنہ حمزہ وزیر

بورڈ کی مقرر کردہ تعداد کے مطابق کمپنی نے نو (9) ڈائریکٹران کا مورخہ 20 مارچ 2017 سے تین سال کے عرصہ کے لئے انتخاب کرنے کے لئے ایک غیر معمولی اجلاس عام کا انعقاد مورخہ 18 مارچ 2017 کو کیا۔ نئے منتخب ہونے والے ڈائریکٹران کے نام مندرجہ ذیل ہیں:

جناب میاں اسد حمید

جناب میاں ظفر حمید

محترمہ سائرہ اسد حمید

جناب میاں محمد علی حمید

جناب سعید اقبال خان

جناب احسن اعجاز

محترمہ ثناء سلیمان

جناب انوار علی

جناب حمزہ امجد وزیر

چیف ایگزیکٹیو کی سبکدوشی اور دوبارہ تقرری:

دوران سال 20 مارچ 2017 کو جناب میاں اسد حمید اپنی تقرری کے تین سالہ دورانیہ پورا ہونے پر چیف ایگزیکٹیو کے عہدہ سے سبکدوش ہوئے اور انکا مورخہ 27 مارچ 2017 کو اگلے تین سال کے عرصہ کے لئے دوبارہ تقرر ہوا۔

اپنی تقرری کے عرصہ کے دوران وہ 0.900 ملین روپے ماہانہ مشاہرہ بمعہ دوسرے فوائد اور مراعات کے لئے اہل ہوں گے۔

ان کی تقرری کی شرائط کا خلاصہ بمعہ ان کی تقرری میں ڈائریکٹران کی دلچسپی کی نوعیت کے ساتھ تمام حصص داران کو مقررہ وقت کے اندر ارسال کر دیا گیا تھا اور اس رپورٹ کے ساتھ بھی لف کیا جا رہا ہے۔

ایگزیکٹو ڈائریکٹران کی تقرری:

کمپنیز آرڈیننس 1984 کی شق نمبر (c)(1)188 کے تحت حصص داران کی منظوری حاصل کرنے کے بعد بورڈ نے ڈائریکٹران جناب سعید اقبال خان اور جناب میاں محمد علی حمید کا بطور کمپنی کے ایگزیکٹو ڈائریکٹران کا مورخہ 27 مارچ 2017 کو تین سالہ عرصہ کے لئے جو کہ 20 مارچ 2020 کو اختتام پذیر ہوگا تقرر کیا۔

اپنی تقرری کے عرصہ کے دوران، وہ بالترتیب 0.600 ملین روپے اور 0.250 ملین روپے کے ماہانہ مشاہرہ کے لئے اہل ہوں گے۔

ان کی تقرری کی شرائط کا خلاصہ بمعہ ان کی تقرری میں ڈائریکٹران کی دلچسپی کی نوعیت کے ساتھ تمام حصص داران کو مقررہ وقت کے اندر ارسال کر دیا گیا تھا اور اس رپورٹ کے ساتھ بھی لف کیا جا رہا ہے۔

بورڈ کی کمیٹیوں کا قیام:

نئے ڈائریکٹران کے الیکشن کے نتیجہ میں بورڈ نے 27 مارچ 2017 کو کوڈ آف کارپوریٹ گورننس 2012 کی پیروی کرتے ہوئے مندرجہ ذیل کمیٹیوں کا قیام تین سال کے عرصہ کے لئے کیا۔

بورڈ آڈٹ کمیٹی:

یہ کمیٹی مندرجہ ذیل ممبران پر مشتمل ہے۔

جناب احسن اعجاز	آزاد ڈائریکٹر	چیرمین
جناب انوار علی	آزاد ڈائریکٹر	ممبر
محترمہ ثناء سلیمان	نان ایگزیکٹو ڈائریکٹر	ممبر
جناب ارشد محمود		سیکرٹری

ہیومن ریسورس اینڈ ریمونیریشن کمیٹی:

یہ کمیٹی مندرجہ ذیل ممبران پر مشتمل ہے۔

جناب میاں ظفر حمید	نان ایگزیکٹو ڈائریکٹر	چیرمین
جناب سعید اقبال خان	ایگزیکٹو ڈائریکٹر	ممبر
جناب حمزہ امجد وزیر	نان ایگزیکٹو ڈائریکٹر	ممبر
جناب ارشد محمود		سیکرٹری

کوڈ آف کارپوریٹ گورننس کی تعمیل:

آپ کی کمپنی کے ڈائریکٹرز بخوشی بیان کرتے ہیں کہ کوڈ آف کارپوریٹس گورننس کی وہ تمام دفعات جو کہ کمپنی پر موجودہ سال میں نافذ العمل ہیں ان کی تکمیل کی گئی ہے۔ کوڈ کے مطلوبہ مختلف بیانات درج ذیل ہیں:

مالی گوشواروں کی عکاسی:

کمپنی کی انتظامیہ کی طرف سے تیار کردہ مالیاتی گوشوارے، اس کے معاملات، اس کی کاروباری سرگرمیوں کے نتائج، کیش فلوز اور ایکویٹی (Equity) میں تبدیلی کی منصفانہ عکاسی کرتے ہیں۔

اکاؤنٹس کی کتابیں:

کمپنی نے باضابطہ طور پر اکاؤنٹس کے کھاتوں کو برقرار رکھا ہے۔

اکاؤنٹنگ پالیسیاں:

ان مالیاتی گوشواروں کی تیاری میں مخصوص اکاؤنٹنگ پالیسیوں کی مستقل بنیادوں پر پیروی کی گئی ہے۔ اور اکاؤنٹنگ کے تخمینے معقول اور دانش مندانہ رائے پر مبنی ہیں۔

انٹرنیشنل فنانشل رپورٹنگ سٹینڈرڈ کی پیروی:

ان مالیاتی گوشواروں کی تیاری میں فنانشل رپورٹنگ کے بین الاقوامی معیار کی، جہاں تک وہ پاکستان میں قابل اطلاق ہیں، پیروی کی گئی ہے اور اگر کہیں انحراف ہوا ہے تو اس کو مناسب طریقے سے ظاہر اور بیان

کی گیا ہے۔

انٹرنل کنٹرول سسٹم:

انٹرنل کنٹرول کا نظام اپنے ڈیزائن کے اعتبار سے مستحکم ہے اور اس کا موثر اطلاق اور نگرانی مسلسل کی جا رہی ہے۔ کنٹرول میں بہتری کے لئے مستقبل میں بھی نگرانی جاری رہے گی۔

کام جاری رکھنے کی اہلیت:

بطور ادارہ کمپنی کے کام جاری رکھنے کی اہلیت پر کوئی نمایاں شک نہیں ہے۔

کارپوریٹ گورننس کے اصول:

متعین کردہ اصول وضوابط میں تفصیلاً درج کارپوریٹ گورننس کے رہنما اصول جن کا اطلاق کمپنی کے مالی سال مختتمہ 30 جون 2017 پر ہوتا ہے سے انحراف نہیں کیا گیا ہے۔

پچھلے چھ سالوں کا فنانشل ڈیٹا:

گزشتہ چھ سال کا اہم کاروباری اور مالیاتی ڈیٹا اس سالانہ رپورٹ کے ساتھ منسلک (Annexure A) ہے۔

منقسمہ منافع:

بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 25 ستمبر 2017 کو اپنے منعقدہ اجلاس میں بیس (20) فیصد بونس حصص کا اجراء تجویز کیا ہے یعنی ہر سو (100) عمومی حصص پر بیس (20) عمومی حصص۔ جو کہ کمپنی کے آئندہ چھبیسویں سالانہ اجلاس عام میں توثیق پر منحصر ہے یہ پہلے سے اداشدہ عبوری نقد منقسمہ منافع 12.50 فیصد یعنی 1.25 روپے فی حصص کے علاوہ ہے۔

واجب الادا قانونی واجبات:

واجب الادا قانونی محصولات مالیاتی گوشواروں کے نوٹس میں دیے گئے ہیں۔

اہم فیصلے اور منصوبے:

گاڑیوں کے شعبہ میں کاروبار کے نئے مواقعوں کو تلاش کرتے رہنا۔

کاروبار کا ضابطہ اخلاق:

کمپنی نے کاروبار کا ضابطہ اخلاق تیار کیا ہے اور یقین دہانی کی گئی ہے کہ اس سے متعلقہ پالیسیوں اور طریقہ کار کو پوری کمپنی میں پھیلایا جائے۔ اس کو کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی آویزاں کیا گیا ہے۔

بورڈ اور کمیٹی کے اجلاسوں میں حاضری:

اس سال کے دوران بورڈ اور کمیٹیوں کے منعقدہ اجلاسوں کی تعداد کی تفصیل اور ہر ڈائریکٹر کی حاضری درج ذیل ہے:

	بورڈ	آڈٹ کمیٹی	ہیومن ریسورس اینڈ ریمیونیریشن کمیٹی
کل تعداد اجلاس	9	4	2
اجلاس میں ڈائریکٹران کی شرکت:			
جناب میاں اسد حمید	9	لاگو نہیں	لاگو نہیں
جناب میاں ظفر حمید	9	3	-
جناب سعید اقبال خان	9	لاگو نہیں	2
جناب میاں محمد علی حمید	9	3	لاگو نہیں
محترمہ سائرہ اسد حمید	8	لاگو نہیں	لاگو نہیں
جناب احسن اعجاز	8	3	2
محترمہ آمنہ حمزہ وزیر (دوران سال سبکدوش)	6	لاگو نہیں	2
محترمہ ثناء سلیمان (دوران سال نئی تقرری)	2	1	لاگو نہیں

جناب انوار علی (دوران سال نئی تقرری)	3	1	لاگو نہیں
جناب حمزہ امجد وزیر (دوران سال نئی تقرری)	2	لاگو نہیں	-

وہ ڈائریکٹر جو میٹنگ میں شرکت نہیں کرسکے ان کی غیر موجودگی کی رخصت قبول کی گئی ہے۔

سال کے دوران ڈائریکٹرز ٹریننگ پروگرام:

نو(9) میں سے چار(4) ڈائریکٹران یعنی محترمہ سائرہ اسد حمید، جناب میاں محمد علی حمید، جناب احسن اعجاز اور محترمہ ثناء سلیمان نے ایس ای سی پی کے منظور شدہ اداروں سے ڈائریکٹرٹریننگ پروگرام حاصل کرلیا ہے جبکہ تین (3) ڈائریکٹران یعنی جناب میاں اسد حمید، جناب میاں ظفر حمید اور جناب سعید اقبال خان کو پاکستان اسٹاک ایکسچینج لیمیٹڈ کے ضابطے کی شق 5.19.7 کے تحت استثناء حاصل ہے بقایا نئے منتخب ہونے والے دو(2) ڈائریکٹران جناب حمزہ امجد وزیر اور جناب انوار علی آنے والے سال میں ڈائریکٹرٹریننگ پروگرام حاصل کریں گے۔

شیئر ہولڈنگ کی ترتیب:

شیئر ہولڈنگ کی ترتیب بطور Annexure B اور Annexure B/1 لف ہے۔

کمپنی کے حصص میں تجارت:

سال کے دوران ڈائریکٹران، ایگزیکٹوز اوران کی بیویوں اور تابع بچوں کی طرف سے حصص میں تجارت۔

حصص کی خرید وفروخت اور ان میں تبدیلی :

	خرید حصص	فروخت حصص
جناب میاں ظفر حمید	-	35,500

اس کے علاوہ کمپنی کے کسی ایگزیکٹو، کمپنی سیکرٹری، چیف فنانشل آفیسر اوران کی بیویوں یا ان کے تابع بچوں نے کمپنی کے حصص کی خرید وفروخت کے متعلق کوئی اطلاع اس سال کے دوران کمپنی کو نہیں دی ہے۔

آڈیٹرز:

موجودہ آڈیٹرز ریٹائر ہوئے ہیں اوراہلیت کی بنیاد پرانہوں نے اپنے آپ کو دوبارہ تقرری کے لئے پیش کیا ہے۔ آڈٹ کمیٹی نے بھی ان کی دوبارہ تقرری کے لئے تجویز کیا ہے۔

ملازمین سے تعلقات:

انتظامیہ اور ملازمین کے تعلقات بہت خوشگوار ہیں اور یہ امید کی جاتی ہے کہ دونوں کمپنی کے مطلوبہ مقاصد کے حصول کے لئے ایک ہی جذبے کے ساتھ کام کریں گے۔

اظہار تشکر:

ہم اپنی کمپنی کے ملازمین کی ان تھک کوششوں، ٹیم ورک اور لگن جس کا اظہار انہوں نے موجودہ سال کے دوران کیا ہے کے شکر گزار ہیں۔ ہم اپنے معزز حصص داران، گاہکوں، سپلائرز اور مالی اداروں کے کمپنی کے ساتھ مسلسل تعاون کرنے پر بھی شکرگزار ہیں۔

لاہور:

25 ستمبر 2017

بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے

میاں اسد حمید
چیف ایگزیکٹو

سعید اقبال خان
ڈائریکٹر